**07/04/2025**

**12.30 PM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ  عارف حسین سے خبریں سُنئے**

**امت شاہ**

**مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ جوجموں و کشمیر کی مجموعی سیکورٹی منظر نامے اور امر ناتھ جی یاترا کے انتظامات کے حوالے سے کل سے یوٹی کے تین روزہ دورے پرہیں،آج زمینی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے بین الاقوامی سرحد کا دورہ کررہے ہیں ۔**

**وزیر داخلہ راج بھون جموں میں جے اینڈ کے پولیس کے شہدا کے کنبہ کے افراد سے ملاقات کریں گے اور ان میں سے چند ایک کو ہمدردی کی بنیادوں پر تقرری کے خطوط بھی پیش کریں گے۔ بعد میں وہ سرینگر کے لئے روانہ ہوں گے، جہاں دیگر مصروفیات کے علاوہ ان کا کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کے افتتاح کرنے کا پروگرام ہے ۔**

**اسمبلی**

**وقف (ترمیمی) ایکٹ پر بحث کے لئے وقفہ سوالات کو ملتوی کرنے سے انکار پرجموں کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ہنگامہ آرائی کے بعد کارروائی ملتوی کردی گئی۔ جیسے ہی ایوان کا اجلاس شروع ہوا، نذیر گریزی اور تنویر صادق کی قیادت میں نیشنل کانفرنس کے اراکین نے وقف قانون پر بحث کے لئے وقفہ سوالات کو ملتوی کرنے کی تحریک پیش کی، جس کے لئے نو اراکین، جن کا تعلق این سی، کانگریس اور چند آزاد اراکین سے تھا، نے اسپیکر کو نوٹس دیا تھاحزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما کی قیادت میں بی جے پی نے اس اقدام کی مخالفت کی اور نعرے بازی کی۔**

**اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے ایوان کے قاعدہ 58 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ التوا کی اجازت نہیں دی جاسکتی کیونکہ بل کو عدالتوں میں چیلنج کیا گیا ہے۔ جس پر این سی، کانگریس اور پی ڈی پی کے ارکان نے احتجاج کیا اور ایوان کے وسط میں آگئے۔ہنگامہ آرائی جاری رہنے پر سپیکر نے ایوان کی کارروائی کچھ دیر کے لئے ملتوی کر دی۔**

## درخشان اندرابی

جموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی نے اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رججو کے ساتھ ملاقات کی ۔ڈاکٹر اندرابی نے مرکزی وزیر کے ساتھ وقف کے ترقیاتی پروگراموں ، سرکار کی طرف سے منظور کی گئی نئی وقف ترمیمی بل نیز جموں کشمیر وقف بورڈ کے نئے منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا۔

## کرن رججو

سرینگر میں ڈل جھیل کے کنارے واقع باغ گلہ لالہ کی سیر پر آنے والے سیاحوں کی تعداد میں ہر گزرتے دن کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔

اب تک مجموعی طور پر تین لاکھ 90 ہزار سے زیادہ سیاحوں نے ٹولپ گارڈن کا نظارہ کیاہے ۔ان میں مقامی ، ملکی اور غیر ملکی سیلانی بھی شامل ہیں۔

اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رججو نے بھی آج علی الصبح وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور نیشنل کانفرنس کے سرپرست ڈاکٹر فارق عبداللہ کے ہمراہ ٹولپ گارڈن کی سیر کی ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے آج کی صبح کو ایک خاص صبح سے تعبیر کیا اور این سی لیڈران سے ان کی ملاقات پر مسرت ظاہر کی ہے ۔

## عالمی دن

صحت کا عالمی دن آج دنیا بھر میں منایا جا رہا ہے۔ یہ دن ہر سال سات اپریل کو منایا جاتا ہے تاکہ صحت کی دیکھ بھال اور صحت مندی کے اچھے طریقوں کے بارے میں شعور اجاگر کیا جا سکے۔ اس سال کا موضوع ہے ” صحت مند آغاز، امید افزا مستقبل“ ۔

## پیغام

عالمی یوم صحت کے موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک صحت مند دنیا کی تعمیر کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ حکومت صحت کی دیکھ بھال پر توجہ مرکوز رکھے گی ۔ وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ اچھی صحت ہر ترقی پذیر معاشرے کی بنیاد ہے۔

ایک رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ 2050 تک 44 کروڑ بھارتی موٹاپے کا شکار ہوں گے۔ انہوں نے ہر ایک پر زور دیا کہ وہ اپنے کھانے میں کم از کم 10 فیصد تیل کم کریں اور ورزش کو اپنے طرز زندگی کا حصہ بنانے کی ترغیب دیں۔

عالمی یوم صحت کے موقعہ پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ہر ایک کے لئے اچھی صحت اور خوشحالی کی دعا کی ہے ۔

فوج کی چنار کور نے اس موقعہ پر صحت مند زندگی کے تئیں ایک جامع اپیروچ اپنانے پر زور دیا ہے ۔

فٹ بال

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل سرینگر کے ٹی آر سی
گراو

---

Churchill کشمیر فٹ بال کلب اور Real نڈ میں آئی-لیگ فٹ بال میچ کا مشاہدہ کیا جوۂ کے درمیان کھیلا گیا۔ اس موقعہ پر وزیر اعلیٰ نے دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں Brothers Goa اور آفیشلز سے بھی بات چیت کی اور ان کی کارکردگی اور اسپورٹس مین شپ کو سراہا۔

بانڈی پورہ

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا 2025 کے پیش نظر ڈپٹی کمشنربانڈی پورہ منظور احمد قادری نے یاترا کے احسن انعقاد کے لئے ٹرانزٹ کیمپ شادی پورہ سمبل کا دورہ کیا۔

ڈی سی نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ قریبی ہم آہنگی کے ساتھ کام کریں اور یاترا کی تیاریوں سے متعلق تمام کاموں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ